



اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# مدنی پھول برائے ہفتہ دعائے حاجات

﴿عالمی مجلس مشاورت (دعوت اسلامی)﴾

زمانے کے مصائب نے الٰہی گھیر رکھا ہے
پئے شاہِ مدینہ دور ہوں رنج و الم مولیٰ (وسائل بخشش99)

**خیر خواہی، عیادت اور غمگساری سے اسلام پھیلا ہے، اسے اپنی عادت بنالیجئے۔"**

الحمد للہ "امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کا معافی مانگنے اور اسلامی بھائیوں کی دلجوئی کرنے والا انداز ہے۔ اسلامی بہنیں بھی معافی مانگنے اور دلجوئی کرنے والا انداز اختیار کریں" (6 تا 9 اگست 2016 شوریٰ کا مدنی مشورہ)

**پیاری پیاری اسلامی بہنو!** آقا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی دکھیاری امت کی غمخواری اور دل جوئی کے عظیم جذبے کے تحت دعوت اسلامی کے زیر اہتمام آفتوں اور مصیبتوں (مثلاً: اولاد کی نافرمانی، تنگدستی، جادو و اثرات، بیٹیوں کے رشتوں میں رکاوٹ اور گھریلو ناچاقی) میں گھری ہوئی اسلامی بہنوں کے لیے **ہفتہ دعائے حاجات** منایا جارہا ہے جس میں مذکورہ آزمائشوں میں گھری ہوئی اسلامی بہنوں کے لئے جمادی الآخر کے تیسرے ہفتے خصوصیت کے ساتھ دعاؤں کا سلسلہ ہوگا۔ ان شآء اللہ الکریم جہاں جہاں اجتماع ماہانہ ہوتا ہے وہ اپنے مقررہ دن میں ہی اجتماع کریں۔

**آیئے!** نیت کرلیتے ہیں کہ ہفتہ **دعائے حاجات** کے دینی کاموں میں نہ صرف خود حصہ لیں گے بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی اس کام کی ترغیب دلائیں گے۔ ان شآء اللہ الکریم

یاد رہے کہ **"مدنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے"** (شوریٰ و کابینہ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول 22 تا 26 اگست 2013ء)

﴿1﴾ مدنی پھول برائے" **ہفتہ دعائے حاجات**" کے مدنی مشورے سے قبل ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران کو یہ بتادیں کہ:

a) مدنی مشورے کا دورانیہ 1 گھنٹہ 26 منٹ ہوگا۔

b) مدنی مشورے میں مکمل وقت شرکت کی جائے۔(بہتر ہے کہ معمول والے ماہانہ اجلاس میں ہی یہ کام کر لیا جائے۔)

﴿2﴾ مدنی پھول ملتے ہی ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران اور ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران براہِ راست ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں ڈویژن) نگران کو (شرعی سفر ہونے کی صورت میں بذریعہ فون) اور ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں ڈویژن) نگران و ذیلی حلقہ نگران کو متعلقہ مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز سمجھائیں تو اس کا دورانیہ ایک گھنٹہ 26منٹ ہو۔

☆ اگر مدنی مشورے میں کوئی ذمہ دار غیر حاضر رہے تو بعد میں مناسب وقت دے کر مدنی پھول سمجھائے جائیں۔

☆ مدنی مشورے میں یہ بات بتا دی جائے کہ اس شعبے سے متعلق تمام پیپرز محفوظ کر لیئے جائیں کیونکہ آئندہ اس میں حسبِ ضرورت ہونے والی ترمیم کو الگ کلر اور انڈر لائن کے ذریعے واضح کر دیا جائے گا۔

☆ ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی ماتحت ذمہ داران کو "مدنی پھول برائے **ہفتہ دعائے حاجات**" صفحہ نمبر کی ترتیب کو پیشِ نظر رکھ کر (حسبِ ضرورت) لفافے میں ڈال کر دیں جہاں بالمشافہ مدنی مشورہ ممکن ہو۔ اور معلوماتی فارم کی مدد سے ہاتھوں ہاتھ تبدیلیاں نوٹ کروائی جائیں۔(**مدنی پھول برائے دعائے حاجات سے متعلق معلوماتی فارم** ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿3﴾ ہر سطح کی نگران اسلامی بہنیں اپنی تمام شعبہ مشاورتوں کو " **ہر سطح کی شعبہ مشاورتوں کو Update کرنے والے مدنی پھول ہفتہ دعائے حاجات**" post/mail کروا دیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿4﴾ نگران عالمی مجلس مشاورت **مدنی پھول برائے ہفتہ دعائے حاجات سے متعلق نگران عالمی مجلس مشاورت کے کام** سرانجام دیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ پاکستان کی ڈویژن نگران اسلامی بہنیں ماہِ جمادی الاولٰی کے آخری دنوں میں دعائے حاجات اجتماع سے متعلقہ کتب و رسائل (اس کا ذکر آگے آرہا ہے) جتنی تعداد میں ضرورت ہو اس کا آرڈر مکتبۃ المدینہ کے نمبرز پر بک کروائیں۔

☆ اور بیرونِ ملک کی اسلامی بہنیں اپنے ملکی کابینہ کے نگران کے ذریعے یا پھر اس ای میل I.D " global@maktabatul Madinah.com " پر رابطہ کریں۔

## ہفتہ دعائے حاجات

﴿1﴾ ذمہ دار کو چاہیئے کہ وہ اسلامی بہنوں کی بےتکلّف (بے-تَ-کَل-لُف) خیر خواہی کرے، یہاں تک کہ یہ اس کی عادت بن جائے۔ "بغیر کام کے کبھی کبھار مزاج پُرسی کے لیے آپس میں ایک دوسرے سے رابطہ کر لیا جائے۔ جو رابطے میں نہیں رہا، اُسے کال کر کے حال احوال پوچھ لیا کریں۔" (6 تا 9 اگست 2016 شوریٰ کا مدنی مشورہ)

﴿2﴾ اراکینِ عالمی مجلس مشاورت مع شعبہ بین الاقوامی امور اپنے اپنے ملکوں / شعبوں سے وابستہ بیرونِ ملک کی ذمہ داران (جو مصیبتوں میں گھری ہوں) کی بذریعہ اسکائپ / whatsapp غم خواری (ان کی سہولت کو پیشِ نظر رکھ کر) کریں۔

﴿3﴾ "ہر ذمہ دار کو چاہیئے کہ وہ روزانہ اسلامی بہنوں کی غم خواری، حوصلہ افزائی اور عیادت کے لیے فون یا میسج (Sms) کریں" (3 تا 6 اگست 2016 شوریٰ کا مدنی مشورہ)

﴿4﴾ جُمادَی الآخر کے دوسرے ہفتے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات اور جمادی الاول کے ماہانہ سیکھنے سکھانے کے دینی حلقے میں " **ہفتہ دعائے حاجات سے متعلق ترغیبی اعلان**" بھی معمول کے اعلانات میں شامل کر لیا جائے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ جمادی الآخر میں ہونے والے " ماہانہ سیکھنے سکھانے کے دینی حلقے " میں بھی پریشان حالوں کے لیے دعائیں مانگی جائیں۔

﴿5﴾ جُمادَی الآخر کے دوسرے ہفتے یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران "**دعائے حاجات اجتماع سے متعلق تشہیری پمفلٹ**" شعبۂ رابطہ ذمہ دار (یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) کے ذریعے شخصیات کو، شعبۂ تعلیم ذمہ دار (یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) کے ذریعے تعلیمی اداروں سے وابستہ شخصیات کو، تحصیل/ٹاؤن نگران (اوورسیز میں ڈویژن) روحانی علاج کی بستہ ذمہ داران کے ذریعے بستوں پر، یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران مدرسۃ المدینہ (بالغات) یو سی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) کے ذریعے مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں پڑھنے والیوں اور گلی گلی مدرسۃ

المدینہ کی بچیوں کی والدہ اور باجی وغیرہ کو بھیجا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ اسلامی بہنیں دعائے حاجات اجتماع میں شرکت کر سکیں۔

☆ شعبہ رابطہ وشعبۂ تعلیم سے وابستہ شخصیات کو اس پمفلٹ کی Image بھی سینڈ کی جاسکتی ہے اور ان شخصیات کو بالمشافہ خوبصورت رنگین کارڈ / رنگین پیپر کو لفافے میں ڈال کر پیش کرسکتے ہیں (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ جُمادَی الآخر کے دوسرے ہفتے علاقائی دورے میں اور انفرادی کوشش کے ذریعے "دعائے حاجات اجتماع" میں شرکت کی دعوت دی جائے۔

﴿6﴾ جُمادَی الآخر کے تیسرے ہفتے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں" **شیڈول برائے دعائے حاجات اجتماع**" ،**بیان** ، **متفرق روحانی علاج**، **اجتماع دعائےحاجات والے دن کے اعلانات** ،**منا جات اور پریشان حالوں کے لیے دعائیہ اشعار** کے مطابق عمل کیا جائے۔

(یہ تمام پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

☆ یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) نگران اسلامی بہن کو چاہیئے کہ تمام اجتماع ذمہ داران کو ترغیب دلائیں کہ اُن کے اجتماع میں ذمہ دار اسلامی بہن خود آگے بڑھ کر پریشان حال اسلامی بہنوں سے مُلاقات کریں، انفرادی کوشش بہت اچھی ہونی چاہیئے کہ کوئی بھی اسلامی بہن بغیر ملاقات کے نہ جائے ان اسلامی بہنوں سے اُن کے احوال پوچھیں اور اس کے بعد نوعیت کے مطابق کسی بھی دینی کام میں حصّہ لینے مثلاً ہفتہ وار رسالہ پڑھنے، مدنی مذاکرہ دیکھنے / سننے کا ذہن دیا جائے۔ اپنی ڈائری میں رابطہ نمبر کے ساتھ نوٹ کیا جائے پھر اس کا فولو اپ بھی کیا جائے۔

☆ جہاں بدھ کے علاوہ کسی اور دن ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع ہو تا وہ اس حساب سے دعائے حاجات اجتماع کریں، پھر اجتماع کے بعد سے پورا ہفتہ مزاج پُرسی، خیر خواہی وغیرہ فرمائیں۔

☆ جن ڈویژن میں ممکن ہو وہاں شعبہ فیضانِ مرشد کے یوسی میں "دعائے حاجات اجتماع" نگرانِ شعبہِ فیضانِ مرشد کی اجازت سے کیا جائے۔

﴿7﴾ ممکنہ صورت میں دعائے حاجات اجتماع میں "دعائے حاجات اجتماع" کا بینر بھی لگایا جائے۔

**بینر کا نمونہ ملاحظہ فرمائیں:**

| |
|---|
| اَلحَمدُلِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّا بَعدُ فَاَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم |
| **دعائے حاجات اجتماع** |

﴿8﴾ " **دعائے حاجات اجتماع**" میں درج ذیل کتب و رسائل مکتبۃ المدینہ (للبنات) پر زیادہ تعداد میں رکھے جائیں اور زیادہ سے زیادہ تقسیم بھی کیے جائیں۔

**کتب و رسائل**: ☆ مدنی پنجسورہ ☆گھریلو علاج ☆ تنگدستی اور اس کے اسباب، ☆کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب ☆چڑیا اور اندھا سانپ ☆زندہ بیٹی کنویں میں پھینک دی ☆ بیمار عابد ☆40 روحانی علاج ☆ مینڈک سوار بچھو ☆ یہ وقت بھی گذر جائے گا۔ ☆ آدابِ دعا ☆خودکشی کا علاج۔

☆ ممکنہ صورت میں شعبہ تقسیمِ رسائل ذمہ دار (تحصیل اوورسیز میں ڈویژن سطح) کے ذریعے دعائے حاجات اجتماع میں ماہنامہ فیضانِ مدینہ بکنگ کا اسٹال لگایا جائے یا پھر بستہ ذمہ دار کے ذریعے سے ماہنامہ فیضانِ مدینہ بکنگ کی نیتیں اور رقم وصول کی جائے۔

﴿9﴾ " **دعائے حاجات اجتماع**" میں یوسی / سیکٹر (اوورسیز میں ڈویژن) کی بہترین مبلغات اور ذیلی حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت مع شعبہ مشاورتیں بیان کریں۔

﴿10﴾ " **دعائے حاجات اجتماع**" میں ڈونیشن بکس نمایاں جگہ پر رکھا جائے۔

☆روحانی علاج کا بستہ 41 یا 52 منٹ لگایا جائے۔

☆ شرکاء کی کثیر تعداد کی توقع ہونے پر صرف اسی دن کے لیے اجتماع تقسیم کر دیا جائے اور تقسیم شدہ اجتماع کو اول تا آخر سنبھالنے کے انتظامات بھی پہلے سے کر لئے جائیں (یاد رہے! تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں مائیک استعمال کرنے کی اجازت نہیں)۔

﴿11﴾ دعائے حاجات اجتماع میں "**متفرق روحانی علاج**" کا پیپر حسبِ ضرورت فوٹو کاپی کروا کر آنے والی اسلامی بہنوں کو ابتدا ہی میں دے دیا جائے۔

## پوچھ گچھ

فرمانِ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ: "**پوچھ گچھ دینی کاموں کی جان ہے**"

(مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

﴿1﴾ ذیلی حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت نگران **مدنی پھول برائے ہفتہ دعائے حاجات**" میں موجود کام اپنے پاس ڈائری میں بطورِ یادداشت تحریر فرمالیں یا ہائی لائٹ کرلیں تاکہ بروقت ہر مدنی پھول پر عمل ہو سکے۔

☆ ذیلی حلقہ تا عالمی مجلس مشاورت نگران اپنی ماتحت ذمہ داران سے ہفتے میں ایک بار ان میں سے اہم مدنی پھول سے متعلق پوچھ گچھ follow up ضرور فرمالیں تاکہ کام میں کمزوری نہ رہے۔

﴿2﴾ ہر سطح کی مجلس مشاورت نگران اپنی ماتحت ذمہ داران اسلامی بہنوں سے رجب المرجب میں معمول والے ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

﴿3﴾ " **مدنی پھول برائے ہفتہ دعائے حاجات**" سے متعلق اگر کوئی مشورہ ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

﴿4﴾ " **مدنی پھول برائے ہفتہ دعائے حاجات اجتماع** " سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

﴿5﴾ ملک / ریجن / ڈویژن (اوورسیز میں زون) ذمہ دار / ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) نگران اسلامی بہن شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری ٹیلیفونک مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھا سکتی ہیں۔

﴿6﴾ اپنے ملک کے حالات و نوعیت کے مطابق ملکی کابینہ کے نگران اور متعلقہ ریجن نگران اسلامی بہن کی اجازت سے ان مدنی پھول میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

(یہ مدنی پھول شرعی و تنظیمی تفتیش کے بعد اوکے ہیں)